Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NAMAZ · MAYYIT GUIDE

Ghusl-e-Mayyit

غسل میت

It is obligatory to give a corpse three ghusls in the following order...

میت کو تین غسل دینے واجب ہیں۔۔۔

a) A ghusl with water that has been mixed with lote tree (sidr) leaves.

ا) ایسے پانی سے جس میں بیری کے پتے ملے ہوئے ہوں۔

b) A ghusl with water that has been mixed with camphor (Kaafoor).

ب) ایسے پانی سے جس میں کافور ملا ہوا ہو۔

c) A ghusl with ordinary water.

ت) خالص پانی سے۔

The amount of sidr leaves and camphor in the water must not be so great that they turn the water into mixed (muzaaf) water, and neither must the amount be so little that it cannot be said that sidr leaves and camphor have been mixed in the water.

ضروری ہے کہ بیری اور کافور نہ اس مقدار میں زیادہ ہوں کہ پانی مضاف ہو جائے اور نہ اس قدر کم ہوں کہ یہ کہا جا سکے کہ بیری اور کافور اس پانی میں نہیں ملائے گئے ہیں۔

If the necessary amount of sidr leaves and camphor cannot be found, then based on recommended precaution the amount that one has access to, should be mixed in the water.

اگر بیری اور کافور اتنی مقدار میں نہ مل سکیں جتنی کہ ضروری ہے تو احتیاط مستحب کی بنا پر جتنی مقدار میسر ہو پانی میں ڈال دی جائے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If someone dies in the state of Ehraam, he must not be given ghusl with camphor water; instead, he must be given ghusl with ordinary water, unless he was in the state of Ehraam for Haj-e-Tamatto and he had completed the Tawaf, its Prayer, and Saee or, he was in the state of Ehram for Haj-e-Qiraan or Haj-e-Ifrada and he had performed Halaq (shaving head) in these two cases, he must be given ghusl with camphor water.

اگر کوئی شخص احرام کی حالت میں مرجائے تو اسے کافور کے پانی سے غسل نہیں دینا چاہئے بلکہ اس کے بجائے خالص پانی سے غسل دینا چاہئے لیکن اگر وہ حج تمتع کے احرام میں ہو اور وہ طواف اور نماز طواف اور سعی کو مکمل کر چکا ہو یا حج قران یا حج افراد کے احرام میں ہو اور سر منڈا چکا ہو تو ان دو صورتوں میں اس کو کافور کے پانی سے غسل دینا ضروری ہے۔

If sidr leaves and camphor, or one of them, cannot be found, or, if using them is not permitted for example, they are usurped then based on obligatory precaution a person must perform one tayammum on the deceased; and in place of whichever one was not possible (sidr or camphor), ghusl must be given with ordinary water.

اگر بیری اور کافور یا ان میں سے کوئی ایک نہ مل سکے یا اس کا استعمال جائز نہ ہو مثلاً یہ کہ غصبی ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ ان میں سے ہر اس چیز کے بجائے جس کا ملنا ممکن نہ ہو میت کو خالص پانی سے غسل دیا جائے اور ایک تیمم بھی کرایا جائے۔

One who gives ghusl to a corpse must be sane, Muslim, and, based on obligatory precaution, a Twelver Shia; furthermore, he must know the rulings of ghusl. If a child (who can differentiate between good and bad) performs ghusl correctly, it is acceptable (for him to perform the ghusl). And in the event that the deceased is not a Twelver Shia and someone from the deceased's religious denomination (mazhab) gives him ghusl albeit according to the laws of his denomination the responsibility is lifted from Twelver believers unless a Twelver believer is the guardian of the deceased, in which case the responsibility is not lifted from him.

جو شخص میت کو غسل دے ضروری ہے کہ وہ عقل مند اور مسلمان ہو اور قول مشہور کی بنا پر ضروری ہے کہ وہ اثنا عشری ہو اور غسل کے مسائل سے بھی واقف ہو اور ظاہر یہ ہے کہ جو بچہ اچھے اور برے کی تمیز رکھتا ہو اگر وہ غسل کو صحیح طریقے سے انجام دے سکتا ہو تو اس کا غسل دینا بھی کافی ہے چنانچہ اگر غیر اثنا عشری مسلمان کی میت کو اس کا ہم مذہب اپنے مذہب کے مطابق غسل دے تو مومن اثنا عشری سے ذمہ داری ساقط ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر وہ اثنا عشری شخص میت کا ولی ہو تو اس صورت میں ذمہ داری اس سے ساقط نہیں ہوتی۔

Free to read, copy and share

One who gives ghusl to a corpse must have the intention of attaining proximity to Allah, and it is sufficient if he has an intention to follow the command of Allah.

جو شخص غسل دے ضروری ہے کہ وہ قربت کی نیت رکھتا ہو یعنی اللہ تعالی کی خوشنودی کے لئے غسل دے۔

Giving ghusl to a Muslim child is obligatory even if the child is of illegitimate birth. Giving ghusl, shrouding, and burying a disbeliever and his offspring is not obligatory; however, if the child of a disbeliever is mumayyiz and expresses belief in Islam, he is a believer. As for someone who was insane from childhood and reached the age of legal responsibility while he was insane, in the event that his father or his mother is Muslim, he must be given ghusl.

مسلمان کے بچے کو خواہ وہ ولدُ الزّنا ہی کیوں نہ ہو غسل دینا واجب ہے اور کافر اور اس کی اولاد کا غسل، کفن اور دفن شریعت میں نہیں ہے اور جو شخص بچپن سے دیوانہ ہو اور دیوانگی کی حالت میں ہی بالغ ہو جائے اگر وہ اسلام کے حکم میں ہو تو ضروری ہے کہ اسے غسل دیں۔

A miscarried child of four months or more must be given ghusl. In fact, based on obligatory precaution, even a miscarried child of less than four months whose body formation is complete must be given ghusl. In cases other than these two, based on obligatory precaution, one must wrap the child in cloth and bury it without giving it ghusl.

اگر ایک بچہ (ماں کے شکم میں) چار مہینے یا اس سے زیادہ کا ہو کر ساقط ہو جائے تو اسے غسل دینا ضروری ہے بلکہ اگر چار مہینے سے بھی کم کا ہو لیکن اس کا پورا بدن بن چکا ہو تو احتیاط کی بنا پر اس کو غسل دینا ضروری ہے۔ ان دو صورتوں کے علاوہ احتیاط کی بنا پر اسے کپڑے میں لپیٹ کر بغیر غسل دیئے دفن کر دینا چاہیئے۔

A man cannot give ghusl to a woman who is not his maheram. Similarly, a woman cannot give ghusl to man who is not her maheram. A husband and wife can give ghusl to one another but if there is an option they should avoid doing so.

مرد عورت کو غسل نہیں دے سکتا اسی طرح عورت مرد کو غسل نہیں دے سکتی۔ لیکن بیوی اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے اور شوہر بھی اپنی بیوی کو غسل دے سکتا ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ بیوی اپنے شوہر اور شوہر اپنی بیوی کو حالت اختیار میں غسل نہ دے۔

Free to read, copy and share

A man can give ghusl to a young girl who cannot discern between right and wrong. And a woman can give ghusl to a young boy who cannot discern between right and wrong.

مرد اتنی چھوٹی لڑکی کو غسل دے سکتا ہے جو ممیزنہ ہو اور عورت بھی اتنے چھوٹے لڑکے کو غسل دے سکتی ہے جو ممیزنہ ہو۔

Those who are maheram can give ghusl to one another, whether they are maheram by being biological/blood relatives for example, a mother and a sister or by way of breastfeeding, or by marriage. Except for the private parts of a corpse, it is not necessary (to cover it and) give it ghusl from under the cover, although it is better to do so. However, based on obligatory precaution, a man can only give ghusl to a maheram woman when he cannot find a woman who can give ghusl to her, and vice versa (ie. a woman can only give ghusl to a maheram man when she cannot find a man who can give ghusl to him).

اگر مرد کی میت کو غسل دینے کے لئے مرد نہ مل سکے تو وہ عورتیں جو اس کی قرابت دار اور محرم ہوں مثلاً ماں، بہن، پھوپھی اور خالہ یا وہ عورتیں جو رضاعت یا نکاح کے سبب سے اس کی محرم ہو گئی ہوں اسے غسل دے سکتی ہیں اور اسی طرح اگر عورت کی میت کو غسل دینے کے لئے کوئی اور عورت نہ ہو تو جو مرد اس کے قرابت دار اور محرم ہوں یا رضاعت یا نکاح کے سبب سے اس کے محرم ہو گئے ہوں اسے غسل دے سکتے ہیں۔ دونوں صورتوں میں لباس کے نیچے سے غسل دینا ضروری ہے اگرچہ اس طرح غسل دینا احوط ہے سوائے شرم گاہوں کے (جنہیں لباس کے نیچے ہی سے غسل دینا چاہیئے)۔

If a corpse and the person giving ghusl to it are both male, or if both are female, it is permitted for the corpse to be naked, except for the private parts. However, it is better to give it ghusl from under a cover.

اگر میت اور غسّال دونوں مرد ہوں یا دونوں عورت ہوں تو جائز ہے کہ شرم گاہ کے علاوہ میت کا باقی بدن برہنہ ہو لیکن بہتر یہ ہے کہ لباس کے نیچے سے غسل دیا جائے۔

Looking at the private parts of a corpse is unlawful, and if the person who is giving ghusl looks (at the private parts), he commits a sin but the ghusl does not become invalid.

میت کی شرم گاہ پر نظر ڈالنا حرام ہے اور جو شخص اسے غسل دے رہا ہو اگر وہ اس پر نظر ڈالے تو گناہ گار ہے لیکن اس سے غسل باطل نہیں ہوتا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If there is an intrinsic impurity on any part of a corpse, it must be removed before ghusl is given to that part; and it is better to remove impurities from the entire body before starting the ghusl.

اگر میت کے بدن کے کسی حصے پر عین نجاست ہو تو ضروری ہے کہ اس حصے کو غسل دینے سے پہلے عین نجس دور کرے اور اَولی یہ ہے کہ غسل شروع کرنے سے پہلے میت کا تمام بدن پاک ہو۔

(The method of performing) the ghusl given to a corpse is the same as that of the ghusl for Janaabat; and the obligatory precaution is that one must not give a corpse immersive ghusl if it is possible to give it sequential ghusl; and if sequential ghusl is given, the right side must be washed before the left side.

غسل میت غسل جنابت کی طرح ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ جب تک میت کو غسل ترتیبی دینا ممکن ہو غسل اِرتماسی نہ دیا جائے اور غسل ترتیبی میں بھی ضروری ہے کہ داہنی طرف کو بائیں طرف سے پہلے دھویا جائے اور اگر ممکن ہو تو احتیاط مستحب کی بنا پر بدن کے تینوں حصوں میں سے کسی حصے کو پانی میں نہ ڈبویا جائے بلکہ پانی اس کے اوپر ڈالا جائے۔

If someone dies while in the state of Haiz or Janaabat, it is not necessary to give that person the ghusl for Haiz or the ghusl for Janaabat; rather, the ghusl given to a corpse will suffice.

جو شخص حیض یا جنابت کی حالت میں مرجائے اسے غسل حیض یا غسل جنابت دینا ضروری نہیں ہے بلکہ صرف غسل میت اس کے لئے کافی ہے۔

Based on obligatory precaution, it is unlawful to take a fee for giving ghusl to a corpse; if someone gives ghusl to a corpse with the intention of earning a fee such that it conflicts with him having an intention of attaining proximity to Allah, the ghusl is invalid. However, it is not unlawful to take a fee for preliminary matters relating to giving ghusl (such as getting the three types of water ready).

میت کو غسل دینے کی اجرت لینا احتیاط کی بنا پر حرام ہے اور اگر کوئی شخص اجرت لینے کے لئے میت کو اس طرح غسل دے کہ یہ غسل دینا قصد قربت کے منافی ہو تو غسل باطل ہے لیکن غسل کے ابتدائی کاموں کی اجرت لینا حرام نہیں ہے۔

Free to read, copy and share

Giving Jabira ghusl to a corpse has not been sanctioned in Islamic law. Furthermore, if one does not find water or if there is an obstacle to using water, he must perform one tayammum on the corpse instead of giving it ghusl; and the recommended precaution is to perform three tayammums on it.

میت کے غسل میں غسل جبیرہ جائز نہیں ہے اور اگر پانی میسر نہ ہو یا اس کے استعمال میں کوئی امر مانع ہو تو ضروری ہے کہ غسل کے بدلے میت کو ایک تیمم کرائے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ تین تیمم کرائے جائیں اور ان تین تیمم میں سے ایک مافی الذّمہ کی نیت کرے یعنی جو شخص تیمم کرا رہا ہو یہ نیت کرے کہ یہ تیمم اس شرعی ذمہ داری کو انجام دینے کے لئے کرا رہا ہوں جو مجھ پر واجب ہے۔

Someone who performs tayammum on a corpse must strike his own palms on the earth, and then wipe them on the face and on the back of the hands of the corpse; and if it is possible, the recommended precaution is to perform tayammum using the hands of the corpse.

جو شخص میت کو تیمم کرا رہا ہو اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ زمین پر مارے اور میت کے چہرے اور ہاتھوں کی پشت پر پھیرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو میت کو اس کے اپنے ہاتھوں سے بھی تیمم کرائے۔

Printed from https://fzic.org/library/namaz/ghusl-e-mayyit-3718 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.